سوال

(959) خصیتین کھائے جاسکتے ہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حلال جانور جن کی قربانی دی جاتی ہے حلال جانور کوئی بھی ہو ماکول اللحم جانور جتنے بھی ہیں کیا ان کے کپورے خصیتین کھائے جاسکتے ہیں جبکہ فقہ حنفی کے مطابق مکروہ تحریمی کہتے ہیں؟ حقیقت بیان کریں۔

(محمد عثمان، چک چھٹہ)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حلال جانوروں کے حلال ہونے کے دلائل ان کے تمام اعضاء کے حلال ہونے کے دلائل ہیں مگر ان کی وہ چیزیں جن کے حرام ہونے کی کوئی دلیل آیت یا حدیث میں آجائے لہذا جو مکروہ تحریمی کہتے ہیں ان سے دلیل آیت یا سنت وحدیث طلب فرمائیں، پھر مجھے بھی آگاہ کریں اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔ ۱۴۲۴،۱،۱۰ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد 02 ص 667

محدث فتویٰ